مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اربعین تجوید وقراءت مؤلف: پروفیسر ڈاکٹر قاری محمد طاہر صاحب

ضخامت: ۹۶ صفحات قیمت: ۴۰ روپے

ماضی میں بہت سے علماء نے مختلف موضوعات پر رسول اکرم ﷺ کے چالیس چالیس فرمودات کو جمع کیا۔ اور اربعین کے نام سے کئی مجموعے منظر عام پر آئے۔ ان میں امام نووی کی اربعین نووی کو اللہ تعالیٰ نے بہت ہی قبولیت عطا فرمائی' علاوہ ازیں دیگر علماء نے بھی اربعینیات پر بہت کام کیا ہے۔ اور ایک عالم ان شہپاروں سے اپنے لئے سامان رشد وہدایت پیدا کرتا ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری وساری رہے گا۔

حال ہی میں پروفیسر مولانا قاری محمد طاہر صاحب مدظلہ نے علم تجوید وقراءت کے موضوع پر ایک گراں قدر تالیف اربعین تجوید وقراءت مرتب کی ہے جس کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ اس موضوع پر تقریباً یہ پہلا مجموعہ ہے اس سے قبل کسی نے اسی طرف توجہ نہیں دی تھی' موصوف نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ علم قراءت وتجوید کے فروغ میں صرف کیا ہے اور تیرہ سالوں سے اسی علم کی ترویج کے لئے ماہنامہ التجوید بھی جاری کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں سب سے پہلے متفق علیہ احادیث کو یکجا کیا گیا ہے پھر صرف وہ احادیث جو امام بخاریؒ نے روایت کئے تیسرے درجہ میں امام مسلمؒ کی روایات جمع ہیں اور چوتھے درجے میں باقی کتب احادیث سے انتخاب کیا گیا ہے۔ احادیث کی تشریح وتوضیح میں انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ آغاز کتاب میں حضرت مولانا زاہد الراشدی کے دیباچہ سے اس مجموعہ میں مزید علمی شگفتگی پیدا ہوئی ہے۔ الغرض یہ مجموعہ علم تجوید وقراءت کا ذوق رکھنے والوں کیلئے ایک بہترین سوغات ہے اور مولف موصوف کی یہ سفارش بالکل بجا ہے کہ اس مجموعہ کو مدارس دینیہ کے نصاب قراءت و تجوید میں شامل کیا جائے۔

کتاب: تشریحات غائرہ شرح محیط دائرہ مؤلف: مولانا محمد فضل عظیم اسعد حقانی

ضخامت: ۴۵۰ صفحات قیمت: ۲۵۰ روپے ملنے کا پتہ: مکتبہ دیوبند محلہ جنگی پشاور

محیط الدائرہ علم عروض کے متعلق ایک انتہائی مہتم بالشان اور خصوصی اہمیت کی حامل کتاب ہے، اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ ہر دور میں علماء فضلاء نے اسے لائق اعتناء سمجھا اور اس کی تعلیم وتعلم کی